۷۸۶ ۱۷

بکرم یا اللہ جل جلالہ

بطفیل یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

زیر ظل عاطفت فقیہ اعظم حضرت مولانا ابوالخیر محمد نور اللہ صاحب النعیمی بانی و مہتمم دارالعلوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال تعالیٰ وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

سلسلہ تبلیغ ۱۳

جواہر پارے

مرتبہ

فقیر ابو الحبیبا محمد باقر

ضیاء النوری بصیرپوری

از تبرکات سید المفسرین والمحدثین حضرت مولانا ابو محمد سید دیدار علی شاہ صاحب الوری قدس سرہ

ملک ہیں زیر فرمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ہیں میکائیل اُس سلطان کے خادم „
زمین اور آسماں اور عرش و کرسی „
نہ ہوتے وہ تو یہ کچھ بھی نہ ہوتا „
ہیں سب شاہ و گدا محتاج اُنکے „
مکاں سے لامکاں تک سب میں جاری „
کرے کیا کوئی اُنکی مدح و توصیف „
خدا کے بعد جو کچھ بھی ہو تم ہو „
نہ اک دیدار ہی بلکہ جہاں سب

ہیں جن و انس قربان محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ہیں جبرائیل دربانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
یہ سب ہیں ظل تابانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ہے لولاک لما شانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
سبھی عالم ہے مہمانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ہیں احکامات قرآنِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
خدا خود ہے ثنا خوانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ہے کل عالم پہ احسانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ثنا خوان جملہ انسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم

شائع کردہ شعبہ نشر و اشاعت انجمن حزب الرحمان بصیرپور

قال اللہ تعالیٰ وَمَا آتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَہٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَہُوْا ط ۴

(ترجمہ) اور جو چیز عطا فرمائے تمکو یہ رسول پس اسکو پکڑ لو اور جس چیز سے روک دے رک جاؤ۔

مخلوقِ خدا پر مہربانی کرنا

حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا **حدیث** زمین والوں پر رحم کرو تم پر وہ رحم فرمائیگا جسکی حکومت آسمان میں ہے **حدیث** وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی عزت نہ کرے **حدیث** مومن الفت و محبت کی جگہ ہے اور اس شخص میں کوئی بھلائی نہیں جو نہ الفت کرے نہ اس سے الفت کی جائے **حدیث** جو میری امت میں کسی کی حاجت پوری کردے اسکو خوش کرنے کے ارادہ سے اس نے مجھے خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا اور جس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا اللہ اسے جنت میں داخل فرمائیگا۔

مظلوم کی فریادرسی کرنا ۴

حدیث حضور پرنور سید دوعالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کسی مظلوم کی فریادرسی کرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے تہتر مغفرتیں لکھیگا ان میں سے ایک سے اس کے تمام کاموں کی درستی ہو جائیگی اور بہتر سے قیامت کے دن اسکے درجے بلند ہونگے۔

مومنین کا باہمی ربط و تعلق

حدیث رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا تمام مومنین شخص واحد کی مثل ہیں اگر اسکی آنکھ بیمار ہوئی تو وہ کل بیمار ہے اور اگر سر میں بیماری ہوئی تو کل بیمار ہے

(شعر) درد ہوتا ہے کہاں روتی ہے آنکھ ؎ دیکھ کسی مہرباں ہوتی ہے آنکھ

حدیث مومن، مومن کیلئے عمارت کی مثل ہے کہ اسکا بعض بعض کو قوت پہنچاتا ہے پھر حضور علیہ السلام نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل فرمائیں یعنی جسطرح یہ ملی ہوئی ہیں مسلمانوں کو بھی اسی طرح ہونا

چاہیے:

(ظالم اور مظلوم دونوں کی مدد کرو)

حدیث فرمایا اپنے بھائی کی مدد کر ظالم ہو یا مظلوم ہو۔ کسی نے عرض کی یا رسول اللہ مظلوم ہو تو مدد کروں گا ظالم ہو تو کیونکر مدد کروں فرمایا اس کو ظلم کرنے سے روک دے یہی اسکی مدد کرنا ہے،

(مسلمان بھائی بھائی ہیں)

حدیث فرمایا مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرے نہ اسکی مدد چھوڑے اور جو شخص اپنے بھائی کی حاجت میں ہو اللہ تعالیٰ اسکی حاجت میں ہوتا ہے اور جو کسی مسلمان کی ایک تکلیف دور کرے اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیف میں سے اسکی ایک تکلیف دور کر دیگا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کریگا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسکی پردہ پوشی کرے گا۔

(بندہ مومن کامل کب ہوتا ہے)

(۱) حدیث جب حضور پرنور سید دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسکو اسکے باپ اولاد، جان، اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو جائیں حدیث جب اسکے دل کی خواہش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت کے مطابق ہو جائے حدیث جب اپنے بھائی کیلئے وہ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے حدیث باب میں ✕ عن قتادة عن انس قال قال رسول الله صلى الله ... لا يؤمن احدكم حتى اكون احب اليه من والده وولده والناس اجمعين

(۱) حدیث بحوالہ بخاری شریف جلد ۱ کتاب الایمان صفحہ ۱۴

(دین خیر خواہی کا نام ہے)

حدیث ارشاد فرمایا دین خیر خواہی کا نام ہے اور اسکا تین بار تکرار فرمایا عرض کی گئی کس کی خیر خواہی فرمایا اللہ رسول اور اسکی کتاب اور ائمہ مسلمین اور عام مسلمانوں کی،

نرمی اور حسن اخلاق

حدیث اللہ تعالیٰ خود مہربان ہے اور مہربانی کو دوست رکھتا ہے اور مہربانی کرنے پر وہ انعام دیتا ہے جو سختی پر نہیں دیتا حدیث جو نرمی سے محروم ہوا وہ خیر اور بہتری سے محروم ہوا حدیث ارشاد ہوا کیا میں تم کو خبر نہ دوں کہ کون شخص جہنم پر حرام ہے اور جہنم اس پر حرام ہے، یہ وہ شخص ہے جو آسانی کرنے والا نرم ہے،

قریب (نزدیک) سہل (آسان) ہے **فائدہ** مثلاً وزیر یا امیر کبیر جو ملنے والوں کو جلدی اور آسانی سے مل سکتے ہوں وہ سب قریب، سہل ہوئے اور اس حدیث کے مصداق بنے **حدیث** ایمان و حیا دونوں ساتھی ہیں ایک کو اٹھا لیا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھا لیا جاتا ہے۔ **حدیث** تم میں سب سے زیادہ میرا محبوب وہ ہے جسکے اخلاق اچھے ہوں۔ **حدیث** تم میں اچھے وہ ہیں جنکے اخلاق اچھے ہوں **حدیث** ایمان میں زیادہ کامل وہ ہے جنکے اخلاق اچھے ہوں **حدیث** میں اسلئے بھیجا گیا ہوں کہ اچھے اخلاق کی تکمیل کردوں

(اچھوں کے پاس بیٹھنا اور بروں سے بچنا)

ہمارے وہ مسلمان بھائی جو اچھے برے کا امتیاز نہ کرتے ہوئے ہر مجلس و محفل میں چلے جاتے ہیں وہ مندرجہ ذیل احادیث پر بالخصوص غور کریں۔ اور محبوب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حقیقی تعلیم پر عمل کی کوشش کریں ؎ **حدیث** اچھے اور برے ہمنشین کی مثال جیسے کستوری والا اور بھٹی پھونکنے والا کستوری والا یا وہ تجھے اس میں سے دے گا (مثلاً خوشبو سے دماغ معطر ہو جائیگا) یا تو اس سے خرید لیگا۔ اور بھٹی والا تیرے کپڑے جلا دیگا یا تجھے بدبو پہنچیگی۔

اچھا ہمنشین کون ہے

حدیث اچھا ساتھی وہ ہے کہ جب تو خدا کو یاد کرے تو وہ تیری مدد کرے اور جب تو بھولے تو وہ یاد دلائے **حدیث** اچھا ہمنشین وہ ہے کہ اسکے دیکھنے سے تمہیں خدا یاد آئے اور اسکی گفتگو سے تمہارے عمل میں زیادتی ہو اور اسکا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے

برا ہمنشین کون ہے

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا فاجر سے بھائی بندی نہ کر کہ وہ اپنے فعل کو تیرے لئے مزین کریگا اور یہ چاہیگا کہ تو بھی اس جیسا ہو جائے اور اپنی بدترین خصلت کو اچھا کر کے دکھائیگا۔ تیرے پاس اسکا آنا جانا عیب اور ننگ ہے۔ اور احمق سے بھی بھائی چارہ نہ کر کہ وہ اپنے کو سختی میں ڈال دیگا اور تجھے کچھ نفع نہیں پہنچائیگا اور کبھی یہ ہوگا کہ تجھے نفع پہنچانا چاہیگا مگر ہوگا یہ کہ نقصان پہنچا دیگا اسکی چپ بولنے سے بہتر ہے اسکی دوری نزدیکی سے بہتر ہے اور موت زندگی سے بہتر ہے اور جھوٹے آدمی سے بھی بھائی چارہ نہ کر کہ اسکے ساتھ معاشرت تجھے نفع نہ دیگی تیری بات دوسروں تک پہنچائیگا اور دوسروں کی تیرے پاس لائیگا اور اگر تو سچ بولیگا جب بھی وہ سچ نہیں بولیگا ؎

مسلمانوں اور رشتہ داروں سے قطع تعلقی بہت بری ہے

حدیث آدمی کیلئے یہ حلال نہیں کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رکھے (یعنی ناراض ہو کر سلام کلام سے رکا رہے) کہ دونوں ملتے ہیں تو ایک ادھر منہ پھیر لیتا ہے اور دوسرا ادھر منہ پھیر لیتا ہے ان دونوں میں سے بہتر وہ ہے جو ابتداءً سلام کرے۔ **حدیث** مومن کیلئے یہ حلال نہیں کہ مومن کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے اگر تین دن گذر گئے تو ملاقات کرے اور سلام کرے اگر دوسرے نے سلام کا جواب دیا تو اجر میں دونوں شریک ہو گئے اور اگر جواب نہ دیا تو گناہ اسکے ذمہ ہے اور یہ شخص چھوڑنے کے گناہ سے نکل گیا۔ **حدیث** جسنے ایسا کیا یعنی تین دن سے زیادہ چھوڑ دیا اور (ایسی ہی حالت میں) مر گیا تو جہنم میں گیا

لہو ولعب کا بیان

قرآن کریم میں ہے وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (ترجمہ) اور کچھ لوگ کھیل کی بات خریدتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے بہکاویں بے سمجھے اور اسے ہنسی بنالیں انکے لئے ذلت کا عذاب ہے **حدیث** جتنی چیزوں سے آدمی لہو (کھیل) کرتا ہے سب باطل ہیں مگر کمان سے تیر چلانا (جنگ کی ضرورت کیلئے ایسے ہی بندوق، رائفل، بم وغیرہ) اور گھوڑے کو ادب سکھانا (جہاد کا طریقہ) اور اپنی زوجہ کے ساتھ ملاعبت کہ یہ تینوں حق ہیں۔ **حدیث** جسنے نردشیر (شطرنج) کھیلا گویا خنزیر کے گوشت وخون میں اپنا ہاتھ ڈال دیا ایک روایت میں ہے اس نے اللہ ورسول کی نافرمانی کی۔ **حدیث** جو شخص نرد (شطرنج) کھیلتا ہے پھر نماز پڑھنے اٹھتا ہے اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو پیپ اور خنزیر کے خون سے وضو کر کے نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہے ایک روائت میں ہے اصحاب شاہ جہنم میں ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ میں نے تیرے بادشاہ کو مار ڈالا اس سے مراد شطرنج کھیلنے والے ہیں۔ **حدیث** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ شطرنج عجمیوں کا جوا ہے **حدیث** حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چوپایوں کو لڑانے سے منع فرمایا مرغ، بٹیر وغیرہ کے لڑانے کا بھی یہی حکم ہے

بچیوں کا گڑیوں سے کھیلنا

حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا میں گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی (یعنی جب وقت میں چھوٹی تھی)

ابھی کم سن تھیں اور میرے ساتھ چند دوسری لڑکیاں بھی کھیلتیں جب حضور تشریف لاتے وہ چھپ جاتیں حضور انکو میرے
پاس بھیج دیتے وہ میرے پاس آکر کھیلنے لگتیں۔ (فائدہ) شریعت مطہرہ نے کم سن بچیوں کو گڑیوں سے کھیلنے
کی اجازت فرمادی کہ اس سے خانہ داری کا طریقہ آسان ہو جاتا ہے۔

شراب اور اسکی برائی

قرآن کریم ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّكُمْ
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ
فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝ ترجمہ اے ایمان والو شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں شیطانی
کام تو ان سے بچتے رہنا کہ تم فلاح پاؤ شیطان یہی چاہتا ہے کہ تم میں شراب اور جوئے کی وجہ سے بیر اور دشمنی ڈلوادے اور تمہیں
اللہ کی یاد اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آئے اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور پرہیز کرو پھر اگر تم پھر جاؤ تو جان لو کہ
ہمارے رسول کا ذمہ صرف صاف طور پر حکم پہنچا دینا ہے۔ **حدیث** جو شخص دنیا میں شراب پیئے گا اور اسکی مداومت کرتا ہوا
مرے گا وہ آخرت کی شراب طہور نہیں پیئے گا۔ **حدیث** بیشک اللہ تعالیٰ نے عہد کیا ہے کہ جو شخص نشہ پیئے گا
اسے قیامت کے دن طینۃ الخبال سے پلائیگا لوگوں نے عرض کی طینۃ الخبال کیا چیز ہے فرمایا جہنمیوں کا پسینہ
یا انکا نچوڑ۔ **حدیث** اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قسم ہے میری عزت کی میرا جو بندہ شراب کی ایک گھونٹ بھی پیئیگا میں اسکو
اتنی ہی پیپ پلاؤنگا اور جو بندہ میرے خوف سے اسے چھوڑدیگا میں اسکو حوض قدس سے پلاؤنگا۔ **حدیث** تین شخص
پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کردی شرابی اور والدین کا نافرمان اور دیوث جو اپنے گھر میں بے حیائی دیکھے اور اسکی پرواہ نہ
کرے۔ **حدیث** شرابی جنت میں داخل نہ ہوگا **حدیث** شرابی مریگا تو خدا تعالیٰ اسے ایسے ملیگا جیسے بت پرست
کو۔ **حدیث** شراب کے بارے میں حضور پرنور سید دو عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس شخصوں پر لعنت فرمائی
بنانے والا اور بنوانے والا پینے والا اور اٹھانے والا اور جس کے پاس اٹھا کر لائی گئی اور پلانے والا اور بیچنے والا اور اسکے
دام کھانے والا اور خریدنے والا اور جسکے لئے خریدی گئی۔ **حدیث** شراب سے بچو کہ وہ ہر برائی کی کنجی ہے نیز حدیث
شریف میں اسے ام الخبائث کہا گیا ہے یعنی تمام برائیوں کی جڑ۔ **حدیث** حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا میری امت میں کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اسکا نام بدل کر کچھ اور رکھینگے اور انکے سروں پر باجے بجائے جائیں گے اور گانے والیاں گائیں گی یہ لوگ زمین میں غرق کر دیئے جائینگے اور ان میں سے کچھ لوگ بندر اور خنزیر بنا دیئے جائیں گے (فائدہ) اور یہ قرب قیامت کی علامتوں سے ہے جیسا کہ دوسری احادیث میں وارد ہوا ہے مولیٰ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت دے اور ایسی گندی سخت پلید اور بری چیزوں کے استعمال سے بچائے آمین ثم آمین۔

صدقات اور خیرات کا بیان

حدیث انسان کہتا ہے میرا مال میرا مال اور اسے تو اسکے مال سے تین ہی قسم کا فائدہ ہے جو کھا کر فنا کر دیا۔ یا پہن کر بوسیدہ کر دیا یا اللہ کی راہ میں خرچ کر کے جمع کیا اور ما سوا اسکے جانے والا ہے یعنی اوروں کیلئے چھوڑ جائیگا۔ **حدیث** ارشاد فرمایا تم میں سے کون ہے جسکو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ پیارا ہے صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ ہم میں کوئی ایسا نہیں جسکو اپنا مال وارث کے مال سے زیادہ محبوب نہ ہو فرمایا اپنا مال تو وہ ہے جو آگے روانہ کر چکا اور جو پیچھے چھوڑ گیا وہ وارث کا مال ہے۔ **حدیث** ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس صدقہ کا زیادہ ثواب ہے فرمایا اسکا جو صحت کی حالت میں ہو اور مال کا لالچ بھی ہو محتاجی کا ڈر ہو تونگری کی آرزو ہو یہ نہیں کہ مال جمع رکھے اور جب جان نکلنے کو آجائے اور مرنے لگے تو کہے اتنا مال فلاں کو دینا اور اتنا مال فلاں کو حالانکہ یہ تو اس فلاں کا ہو چکا یعنی وارث کا۔ **حدیث** آدمی کا اپنی زندگی (صحت) میں ایک درہم صدقہ کرنا مرتے وقت کے سو درہم صدقہ کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

صدقہ بلا کو رد کرتا ہے

حدیث فرمایا صدقہ میں جلدی کرو کیونکہ بلا صدقہ سے نہیں پھلانگتی۔ **حدیث** جو مسلمان کسی مسلمان کو کپڑا پہنا دے تو جب تک اس کپڑا کا ایک پیوند بھی اس شخص پر رہیگا اس وقت تک وہ صدقہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہیگا۔ **حدیث** صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو بجھاتا ہے اور بری موت کو دفع کرتا ہے **حدیث**

جب زمین پیدا ہوئی ہلتی تھی تو اللہ تعالیٰ نے پہاڑ پیدا فرما کر اُس پر نصب فرما دیئے تو زمین ٹھہر گئی فرشتوں کو پہاڑوں کی سختی دیکھ کر تعجب ہوا عرض کرنے لگے اے پروردگار تیری مخلوق میں کوئی ایسی شیئی ہے جو پہاڑوں سے زیادہ سخت ہو فرمایا ہاں لوہا عرض کی اے رب تعالیٰ اور لوہا سے زیادہ سخت کوئی چیز ہے فرمایا ہاں آگ عرض کی آگ سے زیادہ بھی کوئی سخت چیز ہے فرمایا ہاں پانی عرض کی پانی سے زیادہ سخت کوئی شیئی ہے فرمایا ہاں ہوا عرض کی اس سے زیادہ سخت کوئی شیئی ہے فرمایا ہاں بنی آدم جو دائیں ہاتھ سے صدقہ کرتا ہے اور اسے بائیں ہاتھ سے چھپاتا ہے۔ **حدیث** صدقہ گناہوں کو اسطرح دور کرتا ہے جسطرح پانی آگ کو بجھاتا ہے **حدیث قدسی** رب تعالیٰ فرماتا ہے اے ابن آدم اپنے خزانہ میں سے میرے پاس کچھ جمع کر دے نہ جلیگا نہ ڈوبیگا نہ چوری جائیگا تجھے میں پورا دوں گا اسوقت کہ تو اسکا بہت محتاج ہوگا۔ **حدیث** مسلمان کا صدقہ عمر میں زیادتی کا سبب ہے **حدیث** صدقہ برائی کے ستر دروازوں کو بند کرتا ہے

حقوق الزوجین

حدیث اگر آدمی کا آدمی کے لئے سجدہ کرنا درست ہوتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے کہ اس کا اس کے ذمہ بہت بڑا حق ہے قسم ہے اس کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر قدم سے سر تک شوہر کے تمام جسم میں زخم ہوں جن سے پیپ اور کچ لہو بہتا ہو پھر عورت اُسے چاٹے تو حق شوہر ادا نہ کیا **حدیث** جو عورت خدا کی اطاعت کرے اور شوہر کا حق ادا کرے اور اُسے نیک کام کی یاد دلائے اور اپنی عصمت اور اس کے مال میں خیانت نہ کرے تو اس کے اور شہیدوں کے درمیان جنت میں ایک درجہ کا فرق ہوگا پھر اس کا شوہر با ایمان نیکخو ہے تو جنت میں وہ اس کی بی بی ہے ورنہ شہدا میں سے کوئی اس کا شوہر ہوگا **حدیث** اے عورتو! خدا سے ڈرو اور شوہر کی رضامندی کی تلاش میں رہو اس لئے کہ عورت کو اگر معلوم ہوتا کہ شوہر کا کیا حق ہے تو جبتک اس کے پاس کھانا حاضر رہتا یہ کھڑی رہتی **حدیث** تم اچھے وہ لوگ ہیں جو عورتوں سے اچھی طرح پیش آئیں۔ نوٹ انجمن ہذا کی معاونت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں (نوٹ) ترجمان ہذا اراکین کو مفت اور دوسرے قارئین کو ایک آنہ میں ملا کریگا محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا

ملنے کا پتہ **دفتر انجمن حزب الرحمٰن شعبہ تبلیغ دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیرپور ضلع منٹگمری**

اورینٹل پریس منٹگمری